# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:اول | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام:ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ | |

**مقاصد:** الفاظ کے آخری الفاظ کو تبدیل کر کے نئے الفاظ بنا سکیں۔

الفاظ کے حروف الگ الگ کر کے لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، اردو جماعت اول کی کتاب۔ الفاظ کی پرچیاں، تصاویر

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں سے گزشتہ روز کروائے گئے سبق کے بارے میں پوچھیں۔
- سوال نمبر 3 میں دیے گئے الفاظ بورڈ پر لکھیں۔
- الفاظ کی خواندگی کروائیں اور الفاظ کے حروف لکھیں۔

اب پہلا لفظ لیں:

| |
|---|
| باجا |

| | | |
|---|---|---|
| ب | ا | ج ا |

- بچوں کو بتائیں باجا چار حروف سے مل کر بنا ہے اور آخری حرف ا ہے۔
- انھیں ہدایت دیں کہ آخری حرف کو تبدیل کر کے نیا لفظ بنائیں۔ جیسے باجا کے آخر سے "ا" ہٹا کر "ی" لگا کر "باجی" بنانا۔
- بچوں کو سرگرمی کا طریقہ کار سمجھانے کے بعد مختلف الفاظ کی پرچیاں بنائیں اور ٹوکری میں ڈال دیں۔
- بچوں کی دو، دو کی جوڑیاں بنا دیں۔
- ہر جوڑی میں سے ایک بچے کو بلائیں اور پرچی اٹھانے کو کہیں۔
- سب بچوں کو پرچیاں دینے کے بعد انھیں ہدایت دیں کہ پرچی پر لکھا لفظ پڑھیں اور اس کے آخری حرف کو تبدیل کر کے نیا لفظ بنائیں۔
- اس سرگرمی کے لیے انھیں مقررہ وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد بچوں کو بلائیں اور انھیں اپنے بنائے گئے الفاظ پوری جماعت کے سامنے بتانے کے لیے کہیں۔
- اس تحریک کا مقصد بچوں میں الفاظ سازی کی مشق کرانا ہے۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:**(20منٹ)

- بچوں سے گزشتہ روز کروائے گئے سبق کے بارے میں پوچھیں۔

- صفحہ نمبر 64 پر دی گئی سر گرمی کروانے کے لیے سوال نمبر 4 میں دی گئی تصاویر بورڈ پر لکھیں۔
- طلبہ سے ان کی خواندگی کروائیں۔

اب پہلا لفظ لیں:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| جھنڈا | جھ | ن | ڈ | ا |

- بچوں کو بتائیں جھنڈا چار حروف سے مل کر بنا ہے۔
- مختلف الفاظ کی پرچیاں بنائیں اور ٹوکری میں ڈال دیں۔
- بچوں کی دو، دو کی جوڑیاں بنا دیں۔
- ہر جوڑی میں سے ایک بچے کو بلائیں اور انہیں تصویر دیکھتے ہوئے اس کے حروف الگ الگ کر کے لکھنے کو کہیں۔
- اس سر گرمی کے لیے انھیں مقررہ وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد بچوں کو بلائیں اور انھیں اپنے لکھے گئے حروف پوری جماعت کے سامنے بتانے کے لیے کہیں۔
- اس تحریک کا مقصد بچوں میں الفاظ سازی کی مشق کرانا ہے۔
- سر گرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر متفرق بچوں کو بلائیں اور انھوں نے اس سبق سے کیا سیکھا۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی مشق کرنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:اول | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام:ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ | |

**مقاصد:** ہم آواز الفاظ کی پہچان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اول"، چارٹ کی بنی ہوئی سٹرابریاں، دوباجے

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- اب یہ نظم درست تلفظ، لے اور آہنگ کے ساتھ پڑھیں۔ ساتھ ساتھ بچوں کو بھی اپنے ساتھ پڑھنے کے لیے کہیں۔

دیکھو یہ ہیں دوست ہمارے
اچھّے اچھّے، پیارے پیارے

کام پڑے تو کام بھی آئیں
ہر مُشکِل میں ہاتھ بٹائیں

اپنے گھر سے جو کُچھ لائیں
سارے ساتھی مِل کر کھائیں

گندے بچّے کریں لڑائی
لیکن ہم ہیں بھائی بھائی

(احمد حاطب صدیقی)

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کو ہم آواز الفاظ کی تعریف بتائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ ملتی جلتی آوازوں والے الفاظ ہم آواز الفاظ کہلاتے ہیں۔ جیسے: داتا سے ناتا اور ہاتھی سے ساتھی وغیرہ۔
- اب بورڈ پر سوال نمبر 6 کے تحت دیا ہوا لفظ "آن" لکھیں۔ بچوں سے لفظ پڑھوائیں۔ بچوں سے اس کا ہم آواز لفظ بتانے کے لیے کہیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔
- بورڈ پر لکھے لفظ "آن" کے سامنے اس کا ہم آواز لفظ "شان" لکھیں۔ بچوں سے ہم آواز لفظ کی بلند خوانی کروائیں۔
- اس طرح سے مختلف مثالوں کے ذریعے سے بچوں کو ہم آواز الفاظ کا مفہوم بتائیں اور سوال نمبر 6 کے تحت دیے گئے الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں سے دو سے تین بار کہلوائیں۔

- چارٹ پیپر کی بنی ہوئی 10 اسٹرابریاں لیں اور ان کو درمیان میں سے کاٹ کر دو برابر حصوں میں تقسیم کرلیں۔ سوال کے تحت دیے گئے الفاظ کے اسٹرابریوں کے آدھے حصوں پر اور ان کے ہم آواز الفاظ باقی آدھے حصوں پر لکھ لیں۔
- جماعت کے بچوں کے 5 گروہ بنادیں اور ان میں یہ اسٹرابریاں تقسیم کر دیں۔ بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس اسٹرابری کا جو حصہ آیا ہے اس پر لکھا ہوا لفظ پڑھیں۔
- اب اسٹرابریوں کی مدد سے ہم آواز الفاظ کو شناخت کروانے کی سرگرمی کروائیں۔ اب کوئی لفظ بولیں۔
- جس گروہ کے پاس اس لفظ پر مشتمل اسٹرابری کا آدھا حصہ ہو گا، اس کا کوئی بچہ فوراً اسٹرابری سمیت آکر بورڈ کے سامنے آکر کھڑا ہو جائے گا۔
- بچوں سے اس لفظ کی اور اس کے ہم آواز لفظ کی خواندگی کروائیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) اب بچوں کے دو گروہ بنادیں اور انھیں ایک ایک باجا دے دیں۔ سوال نمبر 6 میں دیے ہوئے الفاظ میں سے کوئی لفظ بولیں۔ بچوں سے اس لفظ کا ہم آواز لفظ پوچھیں۔ جو گروہ پہلے باجا بجائے، اسے بتانے کا موقع دیں۔ دوسرے گروہ کو اس لفظ اور ہم آواز لفظ پر مبنی ایک ایک جملہ بتانے کے لیے کہیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروایا گیا کام دہرائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:اول | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام:ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ | |

**مقاصد:** سکتہ کی پہچان کر سکیں۔
دیئے گئے موضوع پر جملے لکھ سکیں۔
گروہی صورت میں بیٹھ کر ایک دوسرے کو لطیفے سنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، اُردو جماعت اول کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بورڈ پر علامت ختمہ اور سکتہ کا کارڈ ٹیپ کی مدد سے لگا دیں۔ ایک کالم میں جملے لکھیں:
- یہ میری اردو کی کتاب ہے
- میں روز اسکول جاتی ہوں
- میرے اسکول میں دس کمرے ہیں
- ان جملوں کے آخر میں علامت ختمہ نہ لگائیں۔ بچوں سے جملے پڑھوائیں۔ اب بچوں سے سوال کریں کہ ان جملوں میں اوپر چسپاں کی گئی علامت میں سے کون سی علامت لگائی جائے گی؟ علامت ختمہ کے نام کی شناخت بھی کروائیں۔ درست جواب دینے پر استاد خود ان جملوں کے آخر میں چاک، یا پھر مارکر سے ختمے کی علامت لگا دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ کسی جملے کے آخر میں جیسے علامت ختمہ لگائی جاتی ہے ایسے ہی جملوں کے درمیان میں بھی ایک علامت لگائی جاتی ہے۔ اب بچوں کو علامت سکتہ کا کارڈ دکھائیں اور اس کا نام بھی بتائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ جب کسی جملے میں دو سے زیادہ چیزوں کا ذکر کیا جائے تو ان کے درمیان میں علامت سکتہ لگائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ جملے میں علامت سکتہ لگائی جاتی ہے وہاں کچھ دیر ٹھہرتے ہیں۔ اب مثالوں کے ذریعے سے وضاحت دیں۔ بورڈ پر چار سے پانچ جملے لکھیں۔ ان کے درمیان میں علامت سکتہ لگائیں۔ اب ان جملوں کی خواندگی بچوں سے کروائیں۔ بچوں کو تاکید کریں کہ جہاں سکتے کی علامت آئے وہاں تھوڑی دیر توقف کریں۔

- جماعت کے بچوں کے بھی دو گروہ بنا دیں۔ بچوں کو کچھ وقت دیں کہ وہ آپس میں بات چیت کے ذریعے سے موضوع سے متعلق جملے اکٹھے کر سکیں۔
- بچوں سے سوال کریں کہ جو چیزیں وہ ناشتے میں کھاتے ہیں۔ ان کے بارے میں دو دو جملے اس طرح سے بولیں کہ ان کی پسند کا اظہار بھی ہو جائے اور وجہ بھی بتائیں پسندیدگی کی۔ مختلف بچوں کچھ وقت بچوں کو دیں۔ مقررہ وقت کے بعد انھیں موضوع سے یہ سرگرمی کروائیں۔
- اب بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- اب سوال نمبر 4 میں دی ہوئی تصویر کے کارڈ ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ یہ ٹوکری باری باری ہر گروہ کے سامنے لے جائیں اور انھیں آنکھیں بند کر کے اس میں سے تصویر اٹھانے کی ہدایت دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ تصویر کو غور سے دیکھیں۔ تصویر سے متعلق آپس میں بات چیت اور اس میں نظر آنے والی چیزوں کے نام سوچیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو تصویر سمیت بلائیں۔ اسے تصویر میں نظر آنے والی چیزوں کے نام بتانے اور اس سے متعلق بولنے کے لیے کہیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- اب تصویر بورڈ پر چسپاں کریں۔ بچوں سے تصویر میں نظر آنے والی چیزوں سے متعلق مختلف سوالات پوچھیں اور ان کے جوابات لیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5منٹ) مختلف بچوں سے پوچھیں کہ وہ ناشتے میں کیا کیا کھانا پسند کرتے ہیں اور کیوں؟ بچوں کے جوابات لیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) اپنی کاپی میں تین ایسی چیزوں کی تصویر لگائیں جو آپ ناشتے میں کھانا پسند کرتے ہیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:اول | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: بات کیسے کی جائے (دہرائی) | |
| **مقاصد:** سبق کی دہرائی کر سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت اول کی کتاب، ورک شیٹ | | |

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو نئے الفاظ میں دیے گئے تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (8منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج وہ اس سبق کے تین سوالوں کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں تاکہ امتحان کے لیے ان کی تیاری مزید ہو جائے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ وہ اس سبق "بات کیسے کی جائے" کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں تاکہ امتحانات کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- اب سبق کے سوالات بورڈ پر لکھیں اور طلبہ سے باری باری ان کے جوابات پوچھیں۔
- جن بچوں کی پڑھائی درست نہ ہو ان کی اصلاح کریں۔
- اسی طرح سبق کے باقی سوالات کی نشان دہی کرتے جائیں اور بچوں کو دہرائی کروائیں۔
- اگر کسی بچے کو پڑھنے میں وقت پیش آ رہی ہو تو اس کی انفرادی طور پر راہ نمائی کریں۔
- آخر میں سبق کا مکمل اعادہ کروائیں تاکہ بچوں کو تمام نکات کی سمجھ آ جائے۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو جماعت کے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

# ورک شیٹ

**20منٹ**

**(الف) درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔**

اُستانی صاحبہ نے بچوں کو کس موضوع پر بات چیت کرنے کے لیے کہا؟

_______________________________________________

بڑوں کے ساتھ کیسے بات کرنی چاہیے؟

_______________________________________________

بچوں نے اُستانی صاحبہ سے کیا وعدہ کیا؟

_______________________________________________

**(ب) درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (×) کا نشان لگائیں۔**

الف کمرا جماعت میں سارے بچّے بہت خُوش تھے۔ ☐

ب سب بچّوں نے باری باری بات شروع کی۔ ☐

ج ہمیشہ سَچ بولنا چاہیے۔ ☐

**(ج) دیے ہوئے حروف کو جوڑ کر لفظ بنائیں اور ابتدائی آواز تبدیل کر کے نئے الفاظ لکھیں۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ک | ا | ٹ | |
| ن | ا | ن | |
| م | ا | ل | ک |

| جوڑ | نئے الفاظ |
|---|---|
| ............ | ............ |
| ............ | ............ |
| ............ | ............ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:اول | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: صحت:سب سے بڑی دولت (دہرائی) | |

**مقاصد:** سبق کی دہرائی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت اول کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (8منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج وہ سبق کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں۔ تاکہ امتحان کے لیے ان کی تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- تمام سوالات کی دہرائی کروائیں۔
- دہرائی کے بعد بچوں کو ورک شیٹ دیں اور ورک شیٹ حل کرنے کے لیے مقررہ وقت دیں۔

**اعادہ:** N/A

**جائزہ:** (5منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

# ورک شیٹ

20منٹ

(الف) دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| معانی | الفاظ |
|---|---|
| | گرد |
| | دھیان |
| | اصول |
| | محفوظ |

(ب) سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

۱۔ جواد اور عمران ہر شام میدان میں کیوں جاتے تھے؟

۲۔ بازاری چیزیں کیوں نہیں کھانی چاہییں؟

۳۔ ہم اپنی ذاتی صفائی کا دھیان کس طرح رکھ سکتے ہیں؟

(ج) درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

۱۔ جواد اور عمران ہیں:

(الف) دوست (ب) بھائی (ج) باپ، بیٹا

۲۔ جواد اور عمران میدان میں ہر روز کھیلتے:

(الف) ہاکی (ب) کرکٹ (ج) فٹ بال

۳۔ عمران نے ریڑھی سے کھائے تھے:

(الف) آلو چنے (ب) گول گپے (ج) دہی بھلے

۴۔ عمران کی امی نے جواد کو دی:

(الف) روٹی (ب) دہی (ج) شاباش

۵۔ کھانا کھانے سے پہلے ضرور دھوئیں:

(الف) ہاتھ (ب) پاؤں (ج) منھ

(د) درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔

الف جواد اور عمران دوست ہیں۔

ب عمران نے ریڑھی سے چاٹ کھائی تھی۔

ج بازاری چیزیں کھانے سے ہم بیمار پڑ جاتے ہیں۔

د دِن میں ایک مرتبہ دانتوں کو ضرور صاف کرنا چاہیے۔

ہ کھانا کھانے سے پہلے ہمیں ہاتھ ضرور دھونے چاہییں۔

(ز) ہر لفظ کے آخر میں 'و' لگا کر نیا لفظ بنائیں اور دی ہوئی جگہ پر لکھیں۔

مثال: بول — بولو

| | |
|---|---|
| بول — بولو | کھول — ............ |
| توڑ — ............ | موڑ — ............ |
| تول — ............ | ڈال — ............ |
| جوڑ — ............ | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:اول | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام:ڈاکٹر علامہ اقبال رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ(دہرائی) | |

**مقاصد:** سبق کی دہرائی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت اول کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:**(8منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج وہ سبق کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں۔ تاکہ امتحان کے لیے ان کی تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- تمام سوالات کی دہرائی کروائیں۔
- دہرائی کے بعد بچوں کو ورک شیٹ دیں اور ورک شیٹ حل کرنے کے لیے مقررہ وقت دیں۔

**اعادہ:** N/A

**جائزہ:**(5منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

## ورک شیٹ

**(20منٹ)**

(الف) سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

۱۔ ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کب پیدا ہوئے؟

______________________________

۲۔ ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے ابتدائی تعلیم کہاں سے حاصل کی؟

______________________________

۳۔ ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کا مزار کہاں واقع ہے؟

______________________________

(ب) درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

۱۔ ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ پیدا ہوئے:

(الف) لاہور میں (ب) سال کوٹ میں (ج) ملتان میں

۲۔ ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے والد کا نام تھا:

(الف) شیخ نور الٰہی (ب) شیخ نور محمد (ج) شیخ نور احمد


۳۔ انگلستان سے واپس آکر ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے وکالت شروع کر دی:

(الف) کراچی میں (ب) لاہور میں (ج) پشاور میں

۴۔ ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے وفات پائی:

(الف) ۱۹۳۸ء میں (ب) ۱۹۳۷ء میں (ج) ۱۹۳۶ء میں

(ج) مثال کے مطابق دی ہوئی تصاویر کے نام لکھیں اور اُن کے حروف الگ الگ کریں۔



مثال: جھنڈا

| | | | |
|---|---|---|---|
| جھ | ن | ڈ | ا |



..............................

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |



..............................

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |